HBL PSL Pakistan Super League 6 2021

MATCH DIKHAO
20 FEB - 22 MAR

ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان کے دن منائے جائیں گے

کراچی، 26 فروری 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے دن منانے کا اعلان کیا ہے۔

بچوں میں کینسر کے مرض سے آگاہی کی مناسبت سے 27 فروری کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں گولڈن ربن ڈے منایا جائے گا۔ اس روز کینسر میں مبتلا 2 بچوں کو اسلام آباد یونائیٹڈ، کراچی کنگز، ملتان سلطانز اور پشاور زلمی کی دستخط شدہ شرٹس بطور تحفہ دی جائیں گی۔

اسی طرح 12 مارچ کو قذافی اسٹیڈیم میں شیڈول ڈبل ہیڈر میچز کے موقع پر پنک ربن ڈے منایا جائے گا۔ اس روز ملتان سلطانز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں پہلے میچ جبکہ لاہور قلندرز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیمیں دوسرے میچ میں مدمقابل آئیں گی۔

عالمی ادارہ صحت کے مطابق ہر سال بریسٹ کینسر کے مریضوں کی تعداد میں 13 لاکھ 80 ہزار کا اضافہ ہوتا ہے جبکہ اس مرض کی وجہ سے ہر سال 4 لاکھ 58 ہزار اموات بھی ہورہی ہیں تاہم اگر بروقت تشخیص ہوجائے تو اس مرض سے نجات بھی ممکن ہے۔

گولڈن ربن ڈے پر نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لگی اسٹمپس کو گولڈن اور پنک ڈے پر قذافی اسٹیڈیم لاہور میں لگی اسٹمپس کو گلابی رنگ میں رنگا جائے گا۔

ان دونوں روز، اسٹیڈیم میں نصب بڑی سکرینز پر مرض کی آگاہی سے متعلق پیغامات نشر کیے جائیں گے۔ کمنٹیٹرز بھی کمنٹری کے دوران اس روز کی مناسبت سے گفتگو کریں گے۔

بابر حامد، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی:

ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی بابر حامد کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا شمار دنیا کی چند مقبول ترین لیگز میں ہوتا ہے، لہٰذا ضروری ہے کہ ہم اپنی معاشری ذمہ داری کو سمجھتے ہوئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 میں بچوں میں کینسر اور چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی فراہم کریں۔

بابر حامد نے کہا کہ پی سی بی کے ان اقدامات سے آگاہی کے یہ پیغامات زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچائے جاسکتے ہیں کیونکہ کرکٹ اس ملک کا مقبول ترین کھیل ہے اور پی سی بی مستقبل میں بھی ایسے اقدامات کرتا رہے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners